تحریر: شیخ مقبول احمد سلفی حفظہ اللہ

اسلامک دعوۃ سنٹر، مسرہ۔ طائف

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

کیا ماہ صفر میں نحوست ہے؟

ابھی لوگوں میں یہ پیغام گردش کررہاہے کہ صفر کا چاند نکل گیا ہے،اس مہینے کی نحوست اور آفتوں سے بچنے کے لئے تیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔

آپ کو بتادوں کہ اسلام میں کوئی دن،کوئی مہینہ اور کوئی تاریخ منحوس نہیں ہے۔صفر کے مہینہ سے متعلق لوگوں میں عام ہے کہ یہ مہینہ منحوس ہے،اس میں بلائیں اور مصیبتیں نازل ہوتی ہیں، اس لئے اس میں شادی بیاہ نہیں کرتے،سفر سے پرہیز کرتے ہیں اور اس مہینے کی نحوست وپریشانی سے بچنے کے لئے مختلف طریقے اختیار کئے جاتے ہیں۔کوئی چنا ابالتا ہے اور خود بھی کھاتا اور کھلاتا ہے،کوئی مخصوص نماز پڑھتا ہے توکوئی مخصوص ذکر کرتا ہے جیساکہ اوپر تیس مرتبہ سورہ اخلاص کی بات کہی گئی ہے۔

اس مہینے سے متعلق ایسی کوئی بات نہیں ہے ،یہ سب خرافات وواہیات ہیں ،اس سلسلہ میں ہمیں حدیث رسول ﷺ رہنمائی کرتی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لا عدوى ولا طِيَرَةَ ، ولا هامَةَ ولا صَفَرَ(صحيح البخاري:5707)

ترجمہ: مرض کا متعدی ہونا نہیں (یعنی اللہ کے حکم کے بغیر کوئی مرض کسی دوسرے کو نہیں لگتا)اور نہ بدفالی ہے نہ ہامہ ہے اور نہ صفر۔

طیرہ کا مطلب بدشگونی لینا۔

ھامہ کا مطلب مقتول کے سر سے ہامہ نام کا جانور(الو) نکلنا جو انسان کو اس وقت تک تکلیف دے جب تک

قتل نہ کردیا جائے۔

صفر سے مراد لوگوں کے گمان سے ماہ صفر کی نحوست۔

ان چیزوں کو لوگ باعث تکلیف اور منحوس سمجھتے تھے تو نبی ﷺ نے فرمایا کہ نہ تو بیماری آپ خود کسی دوسرے میں منتقل ہوسکتی ہے، نہ ہی بدفالی لینا جائز ہے، نہ ہی ہامہ کی کوئی حقیقت ہے اور نہ ہی ماہ صفر منحوس ہے۔لہذا ہمیں ماہ صفر سے متعلق اپنا عقیدہ درست کرنا چاہئے اور یہ جان لینا چاہئے کہ مصیبت کبھی بھی آسکتی ہے اس کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے خواہ آزمائش کے سبب یا ہماری بداعمالی کے سبب اس وجہ سے اللہ پر توکل کیا جائے اور بکثرت اعمال صالحہ انجام دیا جائے۔

****

نوٹ: اسے خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی شیئر کریں۔

مزید دینی مسائل، جدید موضوعات اور فقہی سوالات کی جانکاری کے لئے وزٹ کریں۔

Maqubool Ahmed

SheikhMaqubolAhmedFatawa.

00966531437827

Maqboolahmad.blogspot.com

islamiceducon@gmail.com

Online fatawa salafia Maqbool Ahmed salafi

06 October 2020